کراچی میں فلاحی کاموں کے فروغ کے لئے کے الیکٹرک کے تیسرے کے ایچ آئی ایوارڈ میں این جی آوز کی بھرپور شرکت

کراچی، 15 فروری، 2024: کراچی شہر میں فلاحی کاموں کو فروغ دینے کے لئے کے۔ الیکٹرک کے اعلان کردہ تیسرے کے ایچ آئی ایوارڈز کو این جی اوز کی جانب سے زبردست پذیرائی ملی ہے۔ کے ایچ آئی ایورڈ کے لئے اب تک 150 سے زائد فلاحی اداروں نے درخواست جمع کرائی ہے۔ کے ایچ آئی ایوارڈز کے زریعے شہر کے فلاح و بہبود کا کام کر نے والی تنظیموں کی معاونت کی جاتی ہے۔

پاکستان بالخصوص کراچی کو سال 2020 سے کووڈ 19 اور غیر معمولی بارشوں کی وجہ سے مسائل کا سامنہ رہا ہے۔ حالیہ مہنگائی اور مشکل معاشی حالات کی وجہ سے انفراد عطیات میں کمی دیکھی جارہی ہے۔ ایسے حالات میں کراچی کو مشکل معاشی صورتحال سے نکالنے کے لیے اُن افراد اور اداروں کی کوششوں کو فراموش نہیں کیا جاسکتا، جو ضرورت مندوں کی فلاح و بہبود کے لیے انتھک محنت کررہے ہیں۔ کے۔ الیکٹرک 2021 سے کے ایچ آئی ایوارڈ ز کے ذریعے ایسے افراد اور اداروں کی معاونت کررہا ہے۔ کے ایچ آئی ایورڈ نے اب تک 74 اداروں کے زریعے مختلف طبقات کے ایک کروڑ 70 لاکھ سے زائد افراد کی زندگیوں پر پر مثبت اثرات مرتب کیئے ہیں۔ اس سال کے لئے 150 سے فلاحی اداروں نے درخواست جمع کرائی ہے جوکہ کے ایچ آئی ایوارڈز کی ساکھ اور اہمیت کا ثبوت ہے، جو مشکل معاشی حالات میں بھی عوامی فلاح و بہبود کے لیے کام کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔

کے۔ الیکٹرک کارپوریٹ سماجی ذمہ داری (سی ایس آر) کے حوالے سے جامع نقطہ نظر رکھتا ہے اور شہری ترقی، انسانی فلاح و بہبود اور ماحولیات کی حفاظت کے لیے فعال کردار ادا کرنے پر فخر محسوس کرتا ہے۔ اس طرح کے اقدامات کے۔ الیکٹرک کی اپنے لوگوں اور کمیونیٹیز کی مدد کرنے کے بنیادی اقدار کے ساتھ ہم آہنگ ہیں۔

کے ایچ آئی یوارڈ میں درخواستوں کی جانچ پڑتال کے لئے صنعت اور سماجی رہنماؤں پر مشتمل ایک بااختیار جیوری تشکیل دی گئی ہے۔ شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے ارنسٹ اینڈ ینگ گلوبل لمیٹڈ کی رکن فرم ای وائی فورڈ رہوڈز چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کے ذریعہ آزادانہ آڈٹ بھی کرایا جائے گا۔

کے۔ الیکٹرک کا تعارف

کے۔ الیکٹرک ایک پبلک لسٹڈ کمپنی ہے۔ 1913ء میں بنی کمپنی کی پاکستان میں شمولیت کے ای ایس ای کے نام سے ہوئی۔ کے۔ الیکٹرک پاکستان کی واحد عمودی طور پر مربوط یوٹیلیٹی ہے، جو کراچی اور اُس کے ملحقہ علاقوں سمیت 6500 مربع کلومیٹر علاقے کو بجلی فراہم کرتی ہے۔ کمپنی کے 66.4 فیصد حصص (شیئرز) پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) میں لسٹڈ ہیں، اور کے ایس ای پاور کی ملکیت ہیں۔ یہ سرمایہ کاروں کا ایک کنسورشیم ہے، جس میں سعودی عرب کی الجومعہ پاور لمیٹڈ، کویت کا نیشنل انڈسٹریز گروپ (ہولڈنگ) اور انفرا اسٹرکچر اینڈ گروتھ کیپٹل فنڈ (آئی جی سی ایف) شامل ہیں۔ کے۔ الیکٹرک میں حکومت پاکستان کے بھی 24.36 فیصد حصص ہیں۔